20/02/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں مقای سیاحت کے احیاءکی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ جموں کشمیر آج بھی ملک کی نمایاں سیاحتی مقامات میں سے ایک ہے ۔

نئی دلی میں ساوتھ ایشیا ٹریول اینڈ ٹورازم ایکسچینج 2025 سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے سیاحوں کو جموں کشمیر کی سیر پر آنے کے لئے مدعو کیا ۔ انہوں نے کہا کہ یوٹی سال بھر کا ایک سیاحتی مقام ہے ۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار جموں کشمیر کو عالمی معیار کے ایک سیاحتی مرکز کے طور ترقی دینے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے ۔

سوربھ بھگت

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں آدھار کارڈ کی تیاری اور اس کو اپڈیٹ کرنے کے مختلف امور کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر جانکاری دی گئی کہ جموں کشمیر کے مختلف علاقوں میں ایک ہزار سے زیادہ آدھار مراکز قائم کئے گئے ہیں ۔

حج عازمین

کشمیر وادی کے ایسے حج عازمین کے لئے 26 فروری کو حج ہاوس بمنہ میں ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام ہے جو کسی وجہ سے اپنے ضلع در مقامات پر منعقد کئے گئے تربیتی پروگراموں میں شرکت نہیں کر پائے تھے ۔

متعلقہ عازمین سے کہا گیا ہے کہ وہ 26 فروری کو □بہ گیارہ بجے حج ہاوس بمنہ میں حاضر ہو جائیں ۔ اس بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت قریشی نے مزید بتایا ۔

چیکنگ

مقدس ماہِ رمضان کے آغاز سے پہلے مارکیٹ چیکنگ سکواڈوں نے بازاروں میں کھانے پینے کی اشیاءکے معیار اور ان کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کے لئے اپنی مارکیٹ چیکنگ سرگرمیوں میں تیزی لائی ہے ۔

اس سلسلے میں ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن کی ایک ٹیم نے خاص طور پر شہر سرینگر میں کھانے پینے کی اشیاءفروخت کرنے والوں کی آوٹ لیٹس پر □فائی ستھرائی کا معائینہ کیا ۔

KVIB

کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈ شوپیان یونٹ کی جانب سے ضلع کے اَپَر پرائمری سکول چک سعدہ پورہ بالا میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ، جس دوران مقامی نوجوانوں کو وزیر اعظم کے روزگار پروگرام اور جموں کشمیر دیہی روزگار پروگرام کی سکیموں اور پروگراموں کی نسبت سے جانکاری دی گئی ۔

شوپیان شبیر احمد کُلے نے ضلع کے نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ وہ سرکار کی MLA اس موقعہ پر سکیموں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں ۔

جل جیون مشن

جموں کشمیر جل جیون مشن کے ڈائریکٹر خور شید احمد شاہ نے ایک ورچول میٹنگ کے دوران کولگام ضلع میں جل شکتی مشن کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مشن کے تحت دست لئے گئے کاموں کی رفتار میں تیزی لائیں ۔

انہوننے کہا کہ ضلع میں مشن کے تحت 143 سکیموں میں سے تا حال 102 سکیموں پر کام مکمل کیا گیا ہے جبکہ باقی ماندہ 41 تکمیل کے مختلف مراحل میں ہیں ۔

پولیس

پولیس نے سرینگر میں نا دانستہ قتل کے ایک واقعے میں دو ملزموں کو گرفتار کر لیا ہے ۔
تف□یلات کے مطابق ایک اطلاع ملنے پر پولیس نے بمنہ فلڈ چینل سے ایک غیر شناخت شدہ لاش

بر آمد کر لی ۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق یہ بات سامنے آئی ہے کہ یہ ایک  غیر دانستہ قتل کا معاملہ ہے ۔

اپنی کاروائی کے دوران شواہد کی بنیاد پر پولیس نے امتیاز احمد مچھلو اور منیر احمد □وفی نامی دو افراد کو گرفتار کر کے مزید تحقیقات شروع کی ہے ۔

تپ دِق

تپ دِق بیماری سے متعلق عوام میں جانکاری پیدا کرنے کی سو روزہ ملک گیر مہم کے تحت سیمنٹ تیار کرنے والے پلانٹس میں جانچ اور جانکاری کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ۔

اس سلسلے میں ٹیم نے شہر کے کئی علاقوں مینچلائے جانے والے سیمنٹ پلانٹس کا دورہ کر کے وہاں نہ □رف کام کرنے والے افراد کا ملاحظہ کیا بلکہ انہیں اس بیماری کے علاج اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں جانکاری بھی دی ۔

قومی

لیڈر شپ کنکلیو کے پہلے SOUL *.... وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلی کے بھارت منڈپم میں شمارے کا افتتاح کریں گے۔ اس موقعہ پر بھوٹان کے وزیر اعظم داشوشِرنگ توبگے مہمانِ ذی وقار ہوں گے ۔

*.... سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت محض ایک پیرو کار نہیں ،بلکہ مختلف شعبوں میں قائدانہ حیثیت اختیار کر چکا ہے ۔

انہوں نے کہا کہ دیگر کئی اہم شعبوں کے ساتھ ساتھ بھارت نے خلائی شعبے میں ایک اعلیٰ مقام حا□ل کیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ